تعارف وتبصرہ

تبصرہ کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نمار سالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

حدیث ثقلین: تالیف: مولانا محمد نافع صاحب

اہل تشیع کتاب اللہ کی طرح عشرت رسول اور اہل بیت کو بھی غیر مشروط، علی الاطلاق اور مستقل طور پر حجت شرعی سمجھتے ہیں، اس میں ان کا سب سے اہم اور بنیادی استدلال حدیث ثقلین کے الفاظ، کتاب اللہ وعشرتی اہل بیتی، سے ہے، دور حاضر کے جید عالم دین اور مشہور محقق مولانا محمد نافع صاحب زید مجدہ نے زیر نظر تالیف میں اس حدیث کی تحقیق کی اور اس پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

حصہ اول میں ''حدیث ثقلین'' کے موضوع پر شیعہ علماء کی طرف سے لکھی جانے والی کتب خصوصاً شاہ عبدالعزیز کی معروف تصنیف ''تحفہ اثنا عشریہ'' کے باب امامت کے جواب میں لکھی گئی شہداء شیعہ مجتہد سید حامد حسین لکھنوی کی تالیف ''طبقات اور نورو'' (جس کی دو جلدیں حدیث ثقلین کے متعلق ہیں اور اس دور کے شیعہ عالم مولوی علی محمد کی کتاب ''فلک النجاۃ'' کو سامنے رکھا گیا ہے

مصنف نے حدیث کے چھیاسٹھ طرق کو اڑتیس کتب سے جمع کر کے بحث کی ہے اور مصنفین کی سن اور ترتیب سے اس حدیث کے اکثر طرق پر کلام کیا ہے کہ راویوں کے کمزور اور مجروح ہونے کی وجہ سے وہ قابل احتجاج نہیں ہے، چنانچہ راویوں کے ضعف کو پہلے سنی کتب رجال سے واضح کیا گیا ہے، بعد ازاں شیعہ کتابوں کے بطور تائید کی ان کے احوال نقل کیے گئے ہیں بعض وہ روایات جن کی اسناد درست ہیں جیسے علم واہ اور دوری وغیرہ تو ان کے بارے میں مؤلف نے واضح کا ہے کہ اس سے شیعہ احباب کا استدلال مکمل نہیں ہوتا اور وہ مفہوم ثابت نہیں ہوتا جو اہل تشیع کے لیے سود مند ہو سکے۔

حصہ دوم میں کتاب وسنت کے واجب الاطاعت ہونے پہ قرآن مجید کی بارہ آیات کتاب اللہ وسنتی'' کے الفاظ سے منقول حدیث ثقلین کے بارہ حوالا جات اور وہ بارہ روایتیں نقل کی گئی ہیں جن میں صرف کتاب اللہ کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے، آخر میں شیعہ علماء و مجتہدین کی معتبر و مستند کتب مثلاً نہج البلاغت، اصول کافی اور احتجاج طبرسی وغیرہ سے صرف کتاب وسنت کے حجت شرعی ہونے پر بارہ حوالہ جات پیش کئے گئے ہیں۔

کتاب میں مناظرانہ روش سے ہٹ کر نہایت مدلل و متین اور ناصحانہ طرز گفتگو اختیار کیا گیا ہے، بے جا طوالت اور